PEACE EDUCATION PROGRAMME

Islamic Curriculum on Peace & Counter-Terrorism

فروغِ امن اور اِنسدادِ دہشت گردی کا اِسلامی نصاب

ریاستی سکیورٹی اِداروں کے افسروں اور جوانوں کے لیے

پیش کردہ

تحریکِ منہاج القرآن

Peace Education Programme

Islamic Curriculum on Peace & Counter-Terrorism

فروغِ اَمن اور اِنسدادِ دہشت گردی

کا

اِسلامی نصاب

ریاستی سکیورٹی اِداروں کے افسروں اور جوانوں کے لیے

PEACE EDUCATION PROGRAMME

Islamic Curriculum on Peace & Counter-Terrorism

فروغِ امن اور اِنسدادِ دہشت گردی

کا

اِسلامی نصاب

ریاستی سکیورٹی اِداروں کے افسروں اور جوانوں کے لیے

پیش کردہ

تحریکِ منہاج القرآن

فریدِ ملت رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ

مرتّبین: ڈاکٹر رحیق احمد عباسی، شیخ عبد العزیز دباغ
محمد فاروق رانا، ڈاکٹر فیض اللہ بغدادی

مطبع: منہاج القرآن پرنٹرز، لاہور

اِشاعت نمبر ۱: فروری 2015ء

تعداد: 1,200

ناشر

منہاج القرآن پبلیکیشنز

365، ایم بلاک، ماڈل ٹاؤن، لاہور پاکستان
Ph. [+92–42] 111 140 140, 3516 5338
Fax. [+92–42] 3516 3354
www.minhaj.biz mqi.salespk@gmail.com

B0-0007-1

’فروغِ اَمن اور اِنسدادِ دہشت گردی کا اِسلامی نصاب‘

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی براہِ راست ہدایات اور رہنمائی میں ان کے مبسوط تاریخی فتویٰ (دہشت گردی اور فتنہ خوارِج) اور دیگر مطبوعہ وغیر مطبوعہ تصانیف اور دروس وخطبات سے اِستفادہ کرتے ہوئے

ریسرچ اسکالرز کی ٹیم نے مرتب کیا ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

مولاي صل وسلم دائما أبدا
على حبيبك خير الخلق كلهم

محمد سيد الكونين والثقلين
والفريقين من عرب ومن عجم

اللهم صل على سيدنا ومولانا محمد وعلى آله وصحبه وبارك وسلم

فہرست

پیش لفظ

گزشتہ دو عشروں سے جاری دہشت گردی، قتل و غارت گری، جنگ و جدال، فتنہ و فساد اور خودکش دھماکوں جیسے انسان دشمن، سفاکانہ اور بہیمانہ اِقدامات نے پوری دنیا کو شدید کرب میں مبتلا کر رکھا ہے۔ یہ ایک بین الاقوامی و عالمی phenomenon ہے جسے کئی عناصر اپنے خفیہ مقاصد کے لیے اسپانسر کر رہے ہیں۔ یہ عفریت کسی خاص طبقہ، خطہ یا ملک کی بجائے پوری دنیا کے اَمن کو تباہ کر رہا ہے۔ مختلف مسلم ممالک کے علاوہ انگلینڈ، کینیڈا، امریکہ اور کئی مغربی ممالک میں مقیم نوجوان - جنہیں اسلام کے بارے میں فکری واضحیت (conceptual clarity) نہیں ہے - وہ دہشت گردی اور قتل و غارت گری کو جہاد سمجھ کر اس کی طرف راغب ہو رہے ہیں۔

اِس تناظر میں دوسرا تکلیف دہ مسئلہ یہ ہے کہ دہشت گرد گروہ اپنے مکروہ مقاصد اور مذموم عزائم کو اِسلام کے تصورِ جہاد سے منتھی کرتے ہیں۔ وہ اِسی اِنتہا پسندانہ اور دہشت گردانہ سوچ کے ساتھ شریعتِ اِسلامیہ کے نفاذ کی بات کرتے ہیں، اِعلاے کلمۃ اللہ کا نعرہ بلند کرتے ہیں، خلافتِ اِسلامیہ کی بحالی اپنا مطمع نظر گردانتے ہیں اور اِسلامی اِصطلاحات و فقہی تصورات کے ذریعے اپنے عمل کی بنیاد بھی ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ قرآنی آیات، اَحادیثِ نبویہ اور فقہی عبارات کو سیاق و سباق سے کاٹ کر اِسلامی مصادر سے ناآشنا سادہ لوح مسلمانوں بالخصوص نوجوانوں کو متاثر کرتے ہیں۔

اِسلام کے نام پر کارروائیاں کرنے والے دہشت گردوں کی انسانیت دشمن کارروائیوں سے دنیا کا کوئی خطہ محفوظ نہیں رہا۔ عالمی سطح پر عراق، شام، یمن، افغانستان، سوڈان اور صومالیہ وغیرہ میں اِحترامِ اِنسانیت اور تکریمِ آدمیت کو پامال کیا جا رہا ہے، زندہ

لوگوں کو آتشیں اسلحہ سے بھونا جا رہا ہے اور عام شہریوں کی گردن زنی کی فلمیں بنا کر لوگوں میں دہشت پھیلائی جا رہی ہے؛ جب کہ پاکستان بھی اِس ناسور سے محفوظ نہیں ہے۔ اگر ایک طرف انسانوں کی گردنوں کے فٹ بال بنا کر ان سے کھیلا گیا تو دوسری طرف پشاور میں معصوم بچوں کے اجتماعی قتل عام کی ہولناک داستان رقم کی گئی۔ یہ کسی ایک ملک کا نہیں بلکہ ایک عالم گیر مسئلہ ہے۔ امریکہ میں 9/11 ہو یا برطانیہ میں 7/7، ممبئ میں تاج محل کا واقعہ ہو یا فرانس میں چارلی ہیبڈو حملے، کینیا کی یونی ورسٹی میں طلبا کا قتل عام ہو یا عراق، شام، لیبیا اور یمن میں دہشت گرد تنظیموں کی سفا کی؛ افغانستان میں دو دہائیوں سے جاری جنگ ہو یا پاکستان کے بازاروں، مساجد، امام بارگاہوں، فوجی مقامات وتنصیبات اور اسکولوں پر حملے، دنیا بھر میں ان تمام کارروائیوں میں ملوث جملہ تحریکوں اور تنظیموں میں ایک بات مشترک ہے کہ وہ اپنی کارروائیاں جہاد سمجھ کر سر انجام دیتے ہیں اور اسلامی تصورات و نظریات کی خود ساختہ تشریح وتعبیر میں اِن کا جواز گردانتے ہیں۔

اِس تناظر میں حالات اِس اَمر کے متقاضی ہیں کہ اِسلامی تعلیمات اور آفاقی صداقتوں کی روشنی میں دہشت گردی کی فکر اور اِنتہا پسندانہ نظریات کے خلاف بین الاقوامی سطح پر ہر طبقہ کو ذہنی وفکری طور پر تیار کیا جائے۔ معاشرے سے اِنتہا پسندی کے خاتمے کے لیے عملی اِقدامات کیے جائیں تا کہ دہشت گردوں کے فکری و نظریاتی سرچشموں کا بھی ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہوجائے۔ مزید برآں اِنتہا پسندانہ اَفکار ونظریات کے خلاف مدلّل مواد ہر طبقۂ زندگی کو اُس کی ضروریات کے مطابق فراہم کردیا جائے تا کہ معاشرے سے اس تنگ نظری و اِنتہا پسندی کا بھی خاتمہ ہو سکے جہاں سے اِس دہشت گردی کو فکری و نظریاتی غذا حاصل ہوتی ہے۔

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہرالقادری نے گزشتہ چونتیس سال سے انتہا پسندی، تنگ نظری، فرقہ واریت اور دہشت گردی کے خلاف علمی وفکری میدانوں میں بھرپور جد و جہد کی

ہے۔ اِنتہا پسندی اور دہشت گردی کے خلاف ناقابلِ تردید دلائل و براہین پر مشتمل آپ کا تاریخی فتوی 2010ء سے کتابی شکل میں دست یاب ہے۔ یہ مبسوط فتویٰ اُردو، انگریزی، ہندی اور انڈونیشین زبانوں میں شائع ہوچکا ہے جب کہ عربی، نارویجن، ڈینش، فرانسیسی، جرمن اور اسپینش زبانوں میں زیرِ اِشاعت ہے۔ اِنتہا پسندانہ تصورات ونظریات کے خلاف اور اِسلام کے محبت و رحمت، اَمن و رواداری اور عدمِ تشدد کی تعلیمات پر مبنی حضرت شیخ الاسلام کی درجنوں کتب منظرعام پر آ چکی ہیں، جن میں سے بعض درج ذیل ہیں:

1. Fatwa on Terrorism and Suicide Bombings
2. Islam on Mercy and Compassion
3. Muhammad ﷺ: The Merciful
4. Muhammad ﷺ: The Peacemaker
5. Relations of Muslims and non-Muslims
6. Islam on Serving Humanity
7. Islam on Love & non-Violence
8. The Supreme Jihad
9. Islamic Means of Peace
10. Peace, Integration and Human Rights
11. Teachings of Islam Series: Peace and Submission
12. Teachings of Islam Series: Faith
13. Teachings of Islam Series: Spiritual & Moral Excellence
14. Islamic Spirituality & Modern Science (The Scientific Bases of Sufism)
15. دہشت گردی اور فتنہ خوارج (مبسوط تاریخی فتویٰ)
16. اِسلام اور اَہلِ کتاب (تعلیماتِ قرآن و سُنّت اور تصریحاتِ اَئمہ دین)

17. الجہاد الاکبر

18. اِسلام میں محبت اور عدمِ تشدّد

19. اَلْبَيَان فِي رَحْمَةِ الْمَنَّان ﴿رحمتِ اِلٰہی پر اِیمان اَفروز اَحادیثِ مبارکہ کا مجموعہ﴾

20. اَلْوَفَا فِي رَحْمَةِ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى ﷺ ﴿جمیع خلق پر حضور نبی اکرم ﷺ کی رحمت و شفقت﴾

21. سلسلۂ اَربعینات: اَلْعَطَاءُ الْعَمِيْم فِي رَحْمَةِ النَّبِيِّ الْعَظِيْم ﷺ ﴿رحمتِ مصطفیٰ ﷺ﴾

22. اَلْأَحْكَامُ الشَّرْعِيَّة فِي كَوْنِ الْإِسْلَامِ دِيْنًا لِخِدْمَةِ الْإِنْسَانِيَّة (اِسلام اور خدمتِ اِنسانیت)

اب ضرورت اِس اَمر کی تھی کہ اِس علمی ذخیرہ کو سامنے رکھتے ہوئے ایک قدم اور آگے بڑھا جائے اور مختلف طبقاتِ زندگی کے لیے مختلف دورانیے کے کورسز تیار کیے جائیں تاکہ ان کورسز کے ذریعے معاشرے کے ہر فرد کو عملی طور پر اتنا تیار اور پختہ کر دیا جائے کہ وہ کسی بھی سطح پر اِنتہا پسندانہ نظریات و تصورات سے نہ صرف خود محفوظ رہیں بلکہ اپنے اپنے حلقات میں اِسلام کے اَمن و محبت اور برداشت پر مبنی اَفکار و کردار کو بھی عام کر سکیں۔

اِس وقت عالم انسانیت کا سب سے اہم مسئلہ اَمن اَمان کی بحالی ہے۔ اس اہم اور فوری مقصد کو حاصل کرنے کے لیے کوئی ادارہ، ریاست یا یونی ورسٹی آگے نہیں بڑھی کہ قیامِ اَمن اور اِنسداد دہشت گردی و انتہا پسندی کو ایک science، subject اور curriculum کے طور پر متعارف کروایا جائے۔ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری نے اس فوری اور ناگزیر ضرورت کا بروقت اِدراک کرتے ہوئے فیصلہ فرمایا کہ تحریک منہاج القرآن اپنی تعمیری اور فکری روایات کے مطابق اِس ذمہ داری کو بھی پورا کرے۔ اِس مقصد کے

حصول کے لیے اُنہوں نے براہِ راست اپنی نگرانی اور ہدایات کی روشنی میں تحریک منہاج القرآن کے تحقیقی ادارے 'فرید ملّت ؒ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (FMRi)' کے محققین سے 'فروغِ اَمن اور اِنسدادِ دہشت گردی کا اِسلامی نصاب (Islamic Curriculum on Peace and Counter-Terrorism)' مرتب کروایا ہے جو پانچ مختلف طبقات کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ آپ نے جملہ نصابات کی ہر ہر مرحلے پر نہ صرف نگرانی کی بلکہ تمام مسودات بھی ملاحظہ فرمائے۔ اِس طرح الحمد للہ اِس اَہم اور وقیع پراجیکٹ کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی سعادت بھی تحریک منہاج القرآن کے نصیب میں آئی۔ تحریک منہاج القرآن کی طرف سے نہ صرف اُمتِ مسلمہ بلکہ پوری دنیا کے لیے یہ ایک عدیم النظیر اور فقید المثال تحفہ ہے۔ اِن شاء اللہ یہ نصابات بحالیِ اَمن کے سلسلے میں مختلف طبقاتِ معاشرہ کی فکری و نظریاتی تربیت کے سلسلے میں ایک سنگِ میل ثابت ہوں گے۔

زیرِ نظر نصاب ریاستی اِداروں کے افسروں اور جوانوں کے لیے ترتیب دیا گیا ہے تاکہ اِنتہا پسندی اور دہشت گردی کے حوالے سے نہ صرف اُن کی علمی و فکری اور نظریاتی و اِعتقادی تربیت کی جائے بلکہ اُنہیں عملی طور پر دہشت گردوں کے خلاف بر سرِ پیکار ہونے کا کامل تیقن بھی دیا جائے۔

اِس نصاب کی تیاری میں خاص طریقہ کار اپنایا گیا ہے تاکہ مواد زیادہ اور ضخامت کم سے کم ہو۔ جلی سرخیوں (main headings) کے ذیل میں 'کتب/حوالہ جات برائے تدریس و مطالعہ' کی چھوٹی سرخی کے بعد قرآن و حدیث اور دیگر مصادر و مراجع کے مفصل حوالہ جات دے دیے گئے ہیں جن میں مذکورہ مضمون سے متعلقہ مواد موجود ہے۔ تمام حوالہ جات کی تفصیلات کی صورت میں نصاب کی ضخامت بہت زیادہ بڑھ جانے کا خدشہ تھا۔ البتہ چند ضروری مقامات پر توضیحی عبارات شامل کر دی گئی ہیں۔

اِسی طرح 'کتب/حوالہ جات برائے تدریس و مطالعہ' کے آخر میں بنیادی مصادر و

مراجع کے بعد ساتھ ہی ساتھ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی کتب کے حوالہ جات بھی دے دیے گئے ہیں جن میں مذکورہ حوالہ جاتی کتب کی عبارات و اِقتباسات مع ترجمہ و توضیح موجود ہیں۔ نصاب سے بھرپور اِستفادہ کے لیے حضرت شیخ الاسلام کی اِن کتب کی طرف مراجعت ناگزیر ہے۔

اِس نصاب کے معلمین و اساتذہ کی سہولت کے لیے نصاب کے آخر میں شیخ الاسلام کی تمام متعلقہ کتب اور اُردو و انگریزی خطابات کی فہرست بھی درج کر دی گئی ہے۔ اِسی طرح نصاب میں درج شدہ مصادر و مراجع کی طباعتی تفصیلات بھی بالکل آخر میں الگ سے شامل کر دی گئی ہیں تاکہ متعلقہ کتاب سے اِستفادہ کرنے میں آسانی رہے۔

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی ہدایات اور رہنمائی میں مرتب کردہ 'فروغِ اَمن اور اِنسدادِ دہشت گردی کا اِسلامی نصاب' نہایت جامع ہے۔ اگر مقتدر طبقات معتدل فکر کو پروان چڑھانے کے لیے اِس اِسلامی نصاب سے کما حقہ' اِستفادہ کرتے ہیں اور مذکورہ طبقات کے لیے اِس کے کورسز کا بھرپور اِہتمام کرتے ہیں تو ہمیں اللہ رب العزت کی بارگاہ میں کامل یقین ہے کہ معاشرے سے اِنتہا پسندی و تنگ نظری کے عفریت کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ ہوگا، اِنتہا پسندوں کی صورت میں دہشت گردوں کو ملنے والی نرسری کی نشو و نما ممکن نہ رہے گی اور اِن شاء اللہ تعالیٰ ہماری دنیا صحیح اِسلامی تعلیمات کے مطابق اَمن و سلامتی، تحمل و برداشت، رواداری اور ہم آہنگی کا گہوارہ بن سکے گی۔

ڈاکٹر رحیق اَحمد عباسی

فریدِ ملّت رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ

نصاب کے اَغراض و مقاصد

یہ نصاب ریاستی سکیورٹی اداروں کے افسروں اور جوانوں کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔ اس کا مقصد سکیورٹی اداروں کے افسروں اور جوانوں کی انتہا پسندی اور دہشت گردی کے حوالے سے فکری، نظریاتی، اِعتقادی اور فقہی تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ انہیں عملی طور پر دہشت گردوں کے خلاف برسر پیکار ہونے کی تحریک دینا ہے۔ اس کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:

۱۔ سکیورٹی اداروں کے ذِمہ داران میں اِنتہا پسندی اور دہشت گردی کے صحیح تصور کو اُجاگر کرنا

۲۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ کی شرعی حیثیت کو واضح کرنا

۳۔ دہشت گردوں کے خلاف عملی اِقدامات کا جذبہ پیدا کرنا

۴۔ اِنتہا پسندی اور دہشت گردی کے حق میں اِستعمال کیے جانے والے مذہبی دلائل کے ردّ میں مذہبی آ گہی اور صحیح شرعی فہم فراہم کرنا

۵۔ اِس بات کو راسخ کرنا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ حقیقی جہاد ہے۔

دورانیہ

یہ کورس تین دنوں کی تدریس پر مشتمل ہوگا۔ اسے روزانہ آٹھ گھنٹے کے دورانیے کی صورت میں تین دن میں مکمل کروایا جائے گا۔

شرکاء کی تعلیمی قابلیت

یہ کورس ریاستی سکیورٹی اداروں کے افسروں اور جوانوں کے لیے ہے۔

اَساتذہ

مذکورہ مقاصد کے حصول کا اِنحصار مبلغین و معلمین کی فکری واضحیت (conceptual, ideological and jurisprudential clarity) پر ہے۔ ٹریننگ کے لیے ایسے ماہرین ہونے چاہییں جو دینی علوم پر کامل دسترس کے ساتھ ساتھ بین المسالک (intrafaith)، بین المذاہب (interfaith) اور بین الاقوامی (international) سطح پر پائے جانے والے عصری اور تہذیبی مسائل کو address کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔

نصاب کی تفصیلات

ا۔ اسلام کا تصورِ اَمن وسلامتی

اسلام خود بھی امن وسلامتی کا دین ہے اور دوسروں کو بھی امن و عافیت کے ساتھ رہنے کی تلقین کرتا ہے۔ اسلام کے دینِ امن و سلامتی ہونے کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بھیجے ہوئے دین کے لئے نام ہی 'اسلام' پسند کیا ہے۔ لفظِ اسلام **سَلَم** یا سَلِمَ سے ماخوذ ہے، جس کے معنی امن وسلامتی اور خیر و عافیت کے ہیں۔ اسلام اپنے لغوی معنی کے اعتبار سے سراسر امن (peace) ہے۔ گویا امن وسلامتی کا معنی لفظِ اسلام کے اندر ہی موجود ہے۔ لہٰذا اپنے معنی کے اعتبار سے ہی اسلام ایک ایسا دین ہے جو خود بھی سراپا سلامتی ہے اور دوسروں کو بھی امن وسلامتی، محبت و رواداری، اعتدال وتوازن اور صبر وتحمل کی تعلیم دیتا ہے۔

قرآن و حدیث میں اگر مسلم اور مومن کی تعریف تلاش کی جائے تو یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے نزدیک **مسلمان** صرف وہ شخص ہے جو تمام انسانیت کے لئے پیکرِ امن وسلامتی ہو اور **مومن** بھی وہی شخص ہے جو امن و آشتی، تحمل و برداشت، بقاء باہمی اور احترامِ آدمیت جیسے اوصاف سے متصف ہو۔ یعنی اجتماعی سطح سے لے کر انفرادی سطح تک ہر کوئی اس سے محفوظ و مامون ہو۔

۲۔ دینِ اِسلام کے تین درجات

(ا) اِسلام

(۲) ایمان

(۳) اِحسان

کتب/حوالہ جات برائے تدریس ومطالعہ

۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الإیمان، باب سؤالِ جبرِیل النبِي ﷺ عن الإِیمان و الإِسلامِ والإِحسانِ وعلمِ الساعة، ۱: ۲۷، رقم: ۵۰

۲۔ أیضًا، باب من سلم المسلمون من لسانه ویده، ۱: ۱۳، رقم: ۱۰

۳۔ مسلم، الصحیح، کتاب الإیمان، باب بیان الإیمان والإسلام والإحسان، ۱: ۳۶، رقم: ۸-۹

۴۔ أیضًا، باب بیان تفاضل الإسلام وأيّ أموره أفضل، ۱: ۶۵، رقم: ۴۱

۵۔ أحمد بن حنبل، المسند، ۳: ۴۴۰، رقم: ۱۵۶۷۳

۶۔ ترمذی، السنن، کتاب الإیمان، باب ما جاء فی وصف جبریل للنبي ﷺ الإیمان والإسلام، ۵: ۶، ۷، رقم: ۲۶۰۱، ۲۶۲۷

۷۔ أبوداود، السنن، کتاب السنة، باب فی القدر، ۴: ۲۲۲، رقم: ۴۶۹۵

۸۔ نسائی، السنن، کتاب الإیمان وشرائعه، باب نعت الإسلام، ۸: ۹۷، رقم: ۴۹۹۰

۹۔ ابن ماجه، السنن، المقدمة، باب في الإیمان، ۱: ۲۴، رقم: ۶۳

۱۰۔ ابن حبان، الصحیح، ۱: ۴۰۶، رقم: ۱۸۰

۱۱۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج: ۴۳-۴۴

۱۲۔ ڈاکٹر طاہر القادری، معارج السنن، ۲: ۳۳-۷۱

۱۳۔ ڈاکٹر طاہر القادری، سلسلہ تعلیماتِ اِسلام 2: اِسلام

۱۴۔ ڈاکٹر طاہر القادری، سلسلہ تعلیماتِ اِسلام 3: اِیمان

۱۵۔ ڈاکٹر طاہر القادری، سلسلہ تعلیماتِ اِسلام 4: اِحسان
16. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism & Suicide Bombings*, pp. 21–25.
17. Dr Qadri, *Teachings of Islam Series: Peace and Submission*
18. Dr Qadri, *Teachings of Islam Series: Faith*
19. Dr Qadri, *Teachings of Islam Series: Spiritual & Moral Excellence*

(ا) لفظِ اسلام کا لغوی معنی اور اُس کی شرعی تحقیق

کتب/حوالہ جات برائے تدریس ومطالعہ

۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الإیمان، باب من سلم المسلمون من لسانه ويد، ۱: ۱۳، رقم: ۱۰
۲۔ مسلم، الصحیح، کتاب الإیمان، باب بیان تفاضل الإسلام وأيّ أموره أفضل، ۱: ۶۵، رقم: ۴۱
۳۔ ترمذی، السنن، کتاب الإیمان، باب ما جاء في أن المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده، ۵: ۱۷، رقم: ۲۶۲۷
۴۔ أحمد بن حنبل، المسند، ۳: ۴۴۰، رقم: ۱۵۶۷۳
۵۔ ابن حبان، الصحیح، ۱: ۴۰۶، رقم: ۱۸۰
۶۔ ازہری، تہذیب اللغۃ، ۴: ۲۹۲
۷۔ راغب اصفہانی، المفردات: ۲۳۹–۲۴۱
۸۔ ابن منظور، لسان العرب، ۱۲: ۲۹۷، ۲۹۹
۹۔ أیضًا، ۱۳: ۲۱
۱۰۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج: ۴۹–۵۴
۱۱۔ ڈاکٹر طاہر القادری، معارج السنن، ۲: ۳۳–۴۵
۱۳۔ ڈاکٹر طاہر القادری، سلسلہ تعلیماتِ اِسلام 2: اِسلام

۱۴۔ ڈاکٹر طاہر القادری، ارکان اسلام

15. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism & Suicide Bombings* pp. 25–34.

16. Dr Qadri, *Teachings of Islam Series: Peace and Submission*

(۲) لفظِ ایمان کا لغوی معنی اور اُس کی شرعی تحقیق

کتب/حوالہ جات برائے تدریس ومطالعہ

۱۔ أحمد بن حنبل، المسند، ۲: ۳۷۹، رقم: ۸۹۱۸

۲۔ أیضًا، المسند، ۴: ۳۹۸، رقم: ۱۹۵۸۴

۳۔ أیضًا، المسند، ۶: ۲۱، رقم: ۲۴۰۰۴

۴۔ نسائي، السنن، کتاب الإیمان وشرائعه، باب صفة المؤمن، ۸:۱۰۴، رقم: ۴۹۹۵

۵۔ ابن ماجه، السنن، کتاب الفتن، باب حرمة دم المؤمن وماله، ۲:۱۲۹۸، رقم: ۳۹۳۴

۶۔ حاکم، المستدرک علی الصحیحین، ۱: ۵۴، رقم: ۲۴

۷۔ طبرانی، المعجم الأوسط، ۱: ۸۱، رقم:۲۳۲

۸۔ ابن منظور، لسان العرب، ۱۳: ۲۱

۱۰۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنه خوارج:۶۲–۶۵

۱۱۔ ڈاکٹر طاہر القادری، معارج السنن، ۲:۴۵–۷۱

۱۲۔ ڈاکٹر طاہر القادری، سلسله تعلیماتِ اِسلام 3: اِیمان

13. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism & Suicide Bombings* pp. 36–38.

14. Dr Qadri, *Teachings of Islam Series: Faith*

(۳) لفظِ احسان کا لغوی معنی اور اُس کی شرعی تحقیق

کتب/حوالہ جات برائے تدریس ومطالعہ

۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الإيمان، باب سؤالِ جبرِيل النبِي ﷺ عن الإِيمان و الإِسلامِ والإِحسانِ وعلمِ الساعة، ۱: ۲۷، رقم: ۵۰
۲۔ مسلم، الصحیح، کتاب الإيمان، باب بیان الإیمان والإسلام والإحسان، ۱: ۳۶، رقم: ۸–۹
۳۔ ربیع، المسند: ۴۲، رقم: ۵۶
۴۔ أبو نعیم، کتاب الأربعین: ۴۰، رقم: ۱۳
۵۔ دیلمی، مسند الفردوس، ۳: ۲۷۹، رقم: ۴۸۴۳
۶۔ ازھری، تھذیب اللغة، ۴: ۱۸۳
۷۔ قاضي عیاض، إکمال المعلم بفوائد مسلم، ۱: ۲۰۴
۸۔ ابن رجب حنبلی، فتح الباری شرح صحیح البخاری، ۱: ۲۱۱–۲۱۲
۹۔ ابن رجب حنبلی، جامع العلوم والحکم: ۳۶
۱۰۔ خطابی بستی، معالم السنن، ۴: ۳۲۱
۱۱۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج: ۷۲–۸۰
۱۲۔ ڈاکٹر طاہر القادری، معارج السنن، ۲: ۳۱۸–۳۲۷
۱۳۔ ڈاکٹر طاہر القادری، سلسلہ تعلیماتِ اِسلام 4: اِحسان
14. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism & Suicide Bombings*, pp. 43–49.
15. Dr Qadri, *Teachings of Islam Series: Spiritual & Moral Excellence*

۳۔ تنگ نظری سے انتہا پسندی اور انتہا پسندی سے دہشت گردی تک کے تدریجی مراحل

Audio-visual material for workshop

1. "Does Islam Teach Terrorism" lecture delivered by Dr Tahir-ul-Qadri on March 30, 2003 in Canada.
2. "Extremism and Radicalism: Past-Present & Future" lecture delivered by Dr Tahir-ul-Qadri on November 8, 2010 at Georgetown University, Washington DC
3. "What is Traditional Islam?" lecture delivered by Dr Tahir-ul-Qadri on October 24, 2010 in London.
4. "Terrorism and Integration + Q&A Session" lecture delivered by Dr Tahir-ul-Qadri on July 11, 2011 at New South Wales Legislative Council, Sydney, Australia
5. "What Does Islam Teach: Peace or Terrorism" lecture delivered by Dr Tahir-ul-Qadri on July 30, 2011 in Brisbane, Australia.
6. "Political and Religious Radicalism" lecture delivered by Dr Tahir-ul-Qadri on September 11, 2012 in a Conference Organized by the Danish Ethnic Youth Council Copenhagen, Denmark

۴۔ دہشت گردی کے حوالے سے اٹھنے والے سوالوں کے مختصر جوابات

دہشت گردی کے موجودہ خون آشام واقعات کو دیکھ کر ذہنوں میں چند سوالات اُٹھتے ہیں اور دنیا بھر کے عوام و خواص اِسلام سے متعلق اِن سوالات کی روشنی میں تسلی بخش وضاحت مانگتے ہیں۔ اِس تحریر میں کوشش کی گئی ہے کہ اِن تمام سوالات کا تفصیلی، مدلّل اور دو ٹوک جواب دیا جائے۔ ذیل میں ترتیب وار اِن سوالات کے ساتھ مختصر جوابات دیے

جارہے ہیں جب کہ اِنہی مختصر جوابات کی تفصیل فتویٰ 'دہشت گردی اور فتنہ خوارِج' کے اَبواب میں بالترتیب ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

سوال نمبر: ۱۔ کیا کسی جماعت کا خود کو حق پر سمجھتے ہوئے اپنے عقائد و نظریات کے فروغ و تسلط اور دوسروں کے عقائد کی اِصلاح کے نام پر طاقت اِستعمال کرنا جائز ہے؟ کیا نظریاتی اِختلاف رکھنے والوں کو قتل کرنے، اُن کے مال لوٹنے اور اُن کی مساجد، مذہبی مقامات اور شعائر کو تباہ کرنے کی اِسلام میں گنجائش ہے؟ اگر نہیں، تو اِس جرم کا اِرتکاب کرنے والوں کے لیے اِسلام نے کیا سزا مقرر کی ہے؟

کتب/حوالہ جات برائے تدریس و مطالعہ

۱۔ البقرة، ۲:۱۷۹

۲۔ النساء، ۴:۹۳

۳۔ المائدة، ۵: ۳۳-۳۴

۴۔ بخاري، الصحیح، کتاب الفتن، باب قول النبي ﷺ: لا ترجعوا بعدي کفارا یضرب بعضکم رقاب بعض، ۶: ۲۵۹۴، رقم: ۶۶۶۸

۵۔ مسلم، الصحیح، کتاب البر والصلة والآداب، باب النهي عن إشارة بالسلاح، ۴: ۲۰۲۰، رقم: ۲۶۱۷

۶۔ ترمذي، السنن، کتاب الدیات، باب ما جاء في تشدید قتل المؤمن، ۴: ۱۶، رقم: ۱۳۹۵

۷۔ نسائي، السنن، کتاب تحریم الدم، باب تعظیم الدم، ۷: ۸۲، رقم: ۳۹۸۷-۳۹۹۰

۸۔ ابن ماجه، السنن، کتاب الدیات، باب التغلیظ في قتل مسلم ظلما، ۲: ۸۷۴، رقم: ۲۶۱۹

٩۔ ابن ماجه، السنن، كتاب الفتن، باب حرمة دم المؤمن وماله، ٢: ١٢٩٧، رقم: ٣٩٣٢
١٠۔ حاكم، المستدرك على الصحيحين، ٣: ٥٨٧، رقم: ٦١٧٦
١١۔ طبراني، المعجم الأوسط، ٤: ٢٦٩، رقم: ٤١٦٦
١٢۔ طبراني، المعجم الصغير، ١: ٣٥٥، رقم: ٥٩٤
١٣۔ طبراني، مسند الشاميين، ٢: ٣٩٦، رقم: ١٥٦٨
١٤۔ بيهقي، السنن الكبرى، ٨: ٢٣، الرقم: ١٦١٧٢
١٥۔ بيهقي، السنن الكبرى، ٨: ٢٢، رقم: ١٥٦٤٧
١٦۔ بيهقي، شعب الإيمان، ٤: ٣٤٥، رقم: ٥٣٤٤
١٧۔ ابن أبي الدنيا، الأهوال: ١٩٠، رقم: ١٨٣
١٨۔ ابن أبي عاصم، الديات: ٢، رقم: ٢
١٩۔ منذري، الترغيب والترهيب، ٣: ٢٠١، رقم: ٣٦٧٩
٢٠۔ أبومنصور الماتُريدى، تأويلات أهل السنة، ٣: ٥٠١
٢١۔ بغوى، معالم التنزيل، ٢: ٣٣
٢٢۔ رازى، التفسير الكبير، ١١: ١٦٩
٢٣۔ أبو حفص الحنبلي، اللباب في علوم الكتاب، ٧: ٣٠١
٢٤۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج:٢٨–٣٤
25. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism & Suicide Bombing*, pp. 7–13.

سوال نمبر: ٢۔ مسلم ریاست میں غیر مسلم شہریوں کے کیا حقوق ہیں؟

سوال نمبر: ٣۔ کیا اِسلام میں اِنسانی جان کی حرمت پر واضح اَحکامات موجود ہیں؟ کیا غیر مسلم عالمی طاقتوں کی ناانصافیوں اور مظالم کے ردِعمل کے طور پر انتقاماً بے قصور اور پُراَمن غیر مسلم شہریوں اور سفارت کاروں کو اَغواء کرنا اور قتل کرنا جائز ہے؟

کتب/حوالہ جات برائے تدریس ومطالعہ

١۔ البقرة، ٢:١٧٩
٢۔ النساء، ٤:٩٢
٣۔ المائدة، ٥:٣٢
٤۔ الأنعام، ٦: ١٦٤
٥۔ الممتحنة، ٦٠: ٨
٦۔ بخاری، الصحیح، کتاب العلم، باب کتابة العلم، ١: ٥٣، رقم: ١١١
٧۔ بخاری، الصحیح، کتاب الحج، باب الخطبة أیام منی، ٢:٦٢٠، رقم:١٦٥٤
٨۔ بخاري، الصحیح، کتاب الجزیة، باب إثم من قتل معاهدا بغیر جرم، ٣:١١٥٥، رقم: ٢٩٩٥
٩۔ مسلم، الصحیح، کتاب القسامة والمحاربین والقصاص والدیات، باب تغلیظ تحریم الدماء والأعراض والأموال، ٣:١٣٠٥-١٣٠٦، رقم:١٦٧٩
١٠۔ أحمد بن حنبل، المسند، ١: ٤٠٤، رقم: ٣٨٣٧
١١۔ أحمد بن حنبل، المسند، ٥: ٣٦، ٣٨، رقم: ٢٠٣٩٣، ٢٠٤١٩
١٢۔ أبو داود، السنن، کتاب الجهاد، باب في الوفاء للمعاهد وحرمة ذمته، ٣: ٨٣، رقم: ٢٧٦٠
١٣۔ أبو داود، السنن، کتاب الخراج والفي والإمارة، باب في تعشیر أهل الذمة إذا اختلفوا بالتجارات، ٣: ١٧٠، رقم: ٣٠٥٢
١٤۔ أبو داود، السنن، کتاب الدیة، باب الإِمام یأمر بالعفو فی الدمِ، ٤: ١٦٩، رقم: ٤٤٩٦
١٥۔ نسائی، السنن، کتاب القسامة، باب تعظیم قتل المعاهد، ٨:٢٤، رقم:

۴۷۴۷

۱۶۔ ابن ماجه، السنن، كتاب الديات، باب من قتل معاهدا، ۲: ۸۹۶، رقم: ۲۶۸۶

۱۷۔ دارمی، السنن، ۲: ۳۰۷-۳۰۸، رقم: ۲۵۰۳-۲۵۰۴

۱۸۔ حاکم، المستدرك على الصحيحين، ۲: ۱۵۴، رقم: ۲۶۳۱

۱۹۔ حاکم، المستدرك على الصحيحين، ۳: ۵۴، رقم: ۴۳۷۸

۲۰۔ عبد الرزاق، المصنف، ۱۰: ۸۶، ۹۵، ۹۷-۹۹، رقم: ۱۸۴۵۴

۲۱۔ ابن أبی شیبة، المصنف، ۵: ۴۰۷، رقم: ۲۷۴۴۸

۲۲۔ بزار، المسند، ۶: ۳۶۸، رقم: ۲۳۸۳

۲۳۔ نسائی، السنن الكبرى، ۵: ۲۰۵، رقم: ۸۶۷۵

۲۴۔ أبو يعلى، المسند، ۹: ۳۱، رقم: ۵۰۹۷

۲۵۔ شافعي، المسند: ۳۴۳

۲۶۔ شافعی، الأم، ۷: ۳۲۰-۳۲۱

۲۷۔ أبو نعيم، مسند أبي حنيفة: ۱۰۴

۲۸۔ ابن سعد، الطبقات الكبرى، ۱: ۲۸۸، ۳۵۸

۲۹۔ أبو يوسف، كتاب الخراج: ۷۸، ۱۵۲

۳۰۔ شيباني، المبسوط، ۴: ۴۸۸

۳۱۔ شيبانی، الحجة، ۴: ۳۴۹، ۳۵۱

۳۲۔ أبو عبيد قاسم، كتاب الأموال: ۲۴۴، ۲۴۵، رقم: ۵۰۳

۳۳۔ ابن زنجويه، كتاب الأموال: ۴۴۹، ۴۵۰، رقم: ۷۳۲

۳۴۔ طبری، تاريخ الأمم والملوك، ۲: ۵۰۳

۳۵۔ بيهقي، السنن الكبرى، ۸: ۳۰، رقم: ۱۵۶۹۶

۳۶۔ بيهقي، السنن الكبرى، ۹: ۲۰۵، رقم: ۱۸۵۱۱
۳۷۔ خطیب بغدادی، تاریخ بغداد، ۸:۳۷۰
۳۸۔ جصاص، أحكام القرآن، باب قتل المسلم الكافر: ۱۴۰-۱۴۴
۳۹۔ بلاذری، فتوح البلدان: ۹۰
۴۰۔ منذري، الترغيب والترهيب، ۴: ۷، رقم: ۴۵۵۸
۴۱۔ سرخسی، کتاب المبسوط، ۱۰: ۵-۶
۴۲۔ ابن رشد، بداية المجتهد، ۲: ۳۱۰
۴۳۔ ابن قدامه، المغنی، ۹: ۱۸۱
۴۴۔ کاسانی، بدائع الصنائع، ۷: ۱۱۱
۴۵۔ زیلعی، نصب الراية، ۳: ۳۸۱
۴۶۔ ابن تيمية، مجموع الفتاوٰی، ۲۸: ۶۱۷-۶۱۸
۴۷۔ ابن القيم، أحكام أهل الذمة، ۱:۱۶۵-۱۷۲
۴۸۔ قرافی، الفروق، ۳: ۱۴
۴۹۔ عینی، عمدة القاری، ۱۵: ۸۹
۵۰۔ هندی، کنز العمال، ۲: ۴۵۵
۵۱۔ حصکفی، الدرالمختار، ۲: ۲۲۳
۵۲۔ شامی، رد المحتار، ۳: ۲۷۳-۲۷۴
۵۳۔ انور شاه کشمیری، فیض الباری علی صحیح البخاری، ۴: ۲۸۸
۵۴۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج:۲۸-۳۴
۵۵۔ ڈاکٹر طاہر القادری، معارج السنن، باب: حقوق غير المسلمين والعلاقة معهم
۵۶۔ ڈاکٹر طاہر القادری، اسلام اور اہل کتاب، باب ششم

57. Watt, *Islamic Political Thought: The Basic Concepts*, p. 51.
58. Hitti, *History of the Arabs*, pp. 170, 225
59. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism & Suicide Bombings*, pp. 7–13.

سوال نمبر: ۴۔ کیا مسلم حکمرانوں کی غیر اِسلامی پالیسیوں اور فاسقانہ طرزِ عمل کے باعث اُنہیں حکومت سے ہٹانے، اپنے مطالبات منوانے یا اُنہیں راہِ راست پر لانے کے لیے مسلح جد و جہد کی جاسکتی ہے؟ کیا آئینی اور درست انصاف کے طریقے سے قائم کی گئی مسلم حکومت کے نظم اور عمل داری (writ) سے بغاوت جائز ہے؟ نیز حکمرانوں کی اِصلاح اور تبدیلی کا جائز طریقہ کار کیا ہونا چاہیے؟

کتب/حوالہ جات برائے تدریس ومطالعہ

۱۔ بخاري، الصحيح، كتاب الفتن، باب قول النبي ﷺ: سترون بعدي أمورا تنكرونها، ٦:٢٥٨٨، رقم: ٦٦٤٧

۲۔ مسلم، الصحيح، كتاب الإمارة، باب وجوب طاعة الأمراء في غير معصية وتحريمها في المعصية، ٣:١٤٧٠، رقم: ١٧٠٩

۳۔ مسلم، الصحيح، كتاب الإمارة، باب وجوب الإنكار على الأمراء فيما يخالف الشرع، ٣: ١٤٨١، رقم: ١٨٥٤

۴۔ مسلم، الصحيح، كتاب الإمارة، باب خيار الأئمة وشرارهم، ٣:١٤٨١، رقم: ١٨٥٥

۵۔ احمد بن حنبل، المسند، ٣: ١٩، رقم: ١١١٥٩

۶۔ ابوداؤد، السنن، كتاب الملاحم، باب الأمر و النهى، ٤: ١٢٤، رقم: ٤٣٢٤

۷۔ أيضًا، كتاب السنة، باب فى قتال الخوارج، ٤: ٢٤٢، رقم: ٤٧٦٠

۸۔ ترمذى، السنن، كتاب الفتن، باب ما جاء أفضل الجهاد كلمة عدل عند

سلطان جائر، ۴: ۴۷۱، رقم: ۲۱۷۴

۹۔ ترمذی، السنن، کتاب الفتن، باب: (۷۸)، ۴: ۵۲۹، رقم: ۲۲۶۵

۱۰۔ نسائی، السنن، کتاب البیعة، باب من تکلم بالحق عند امام جائر، ۷: ۱۶۱، رقم: ۱۲۰۹

۱۱۔ ابن ماجه، السنن، کتاب الفتن، باب الأمر بالمعروف والنہی عن المنکر، ۲: ۱۳۲۹، رقم: ۴۰۱۱

۱۲۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۰: ۴۴۹، رقم: ۴۵۸۹

۱۳۔ أبو عوانة، المسند، ۴: ۴۱۷، ۴۱۸، رقم: ۷۱۶۲

۱۴۔ قاضی عیاض، إکمال المعلم بفوائد مسلم، ۲: ۲۶۴-۲۶۵

۱۵۔ قرطبي، المفہم لما أشکل من تلخیص کتاب مسلم، ۴: ۶۶

۱۶۔ ابن حجر عسقلانی، فتح الباری، ۱۳: ۷-۸، ۱۱

۱۷۔ بدر الدین العینی، عمدة القاری، ۱۶: ۳۳

۱۸۔ قسطلانی، إرشاد الساری، ۱۵: ۹

۱۹۔ عثمانی، فتح الملهم، ۳: ۱۸۴

۲۰۔ مبارکپوری، تحفة الأحوذی، ۶: ۱۳۸

۲۱۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج: ۲۹۳-۳۰۶

22. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism & Suicide Bombings*, pp. 207–219.

سوال نمبر: ۵۔ دہشت گردی کی تاریخ میں خوارج کا عنصر نا قابلِ فراموش ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ خوارج کون تھے، ان کا شرعی حکم کیا ہے اور کیا موجودہ دور کے دہشت گرد خوارج ہی کا تسلسل ہیں؟

سوال نمبر: ۶۔ فتنہ انگیزی، دہشت گردی اور مسلح بغاوت کے خاتمے کے لیے حکومت اور

مقتدر طبقات کو کیا اقدامات کرنے چاہییں؟

سوال نمبر: ۷۔ کیا دہشت گردی پر مبنی مندرجہ بالا ظالمانہ کارروائیاں اِعلاءِ کلمۂ حق اور مسلمانوں کے حقوق کے تحفظ کی جد و جہد کے اِرادے سے سندِ جواز حاصل کرسکتی ہیں؟

کتب/حوالہ جات برائے تدریس و مطالعہ

۱۔ أحمد بن حنبل، المسند، ۲: ۲۰۹، رقم: ۶۹۵۲

۲۔ أیضًا، ۴: ۴۲۱، رقم: ۱۹۷۹۸

۳۔ ترمذی، السنن، کتاب الزهد، ۴: ۶۰۴، رقم: ۲۴۰۴

۴۔ نسائي، السنن، کتاب تحریم الدم، باب من شهر سیفه ثم وضعه في الناس، ۷: ۱۱۹، رقم: ۴۱۰۳

۵۔ أیضًا، السنن الکبری، ۲: ۳۱۲، رقم: ۳۵۶۶

۶۔ حاکم، المستدرک، ۴: ۵۵۶، رقم: ۸۵۵۸

۷۔ أیضًا، ۲: ۱۶۰، رقم: ۲۶۴۷

۸۔ ابن ابی شیبة، المصنف، ۷: ۵۵۹، رقم: ۳۷۹۱۷

۹۔ طیالسی، المسند: ۱۲۴، ۳۰۲، رقم: ۹۲۳، ۲۲۹۳

۱۰۔ بزار، المسند، ۹: ۲۹۴، رقم: ۳۸۴۶

۱۱۔ رویانی، المسند، ۲: ۲۶، رقم: ۷۶۶

۱۲۔ طبراني، المعجم الکبیر، ۱۱: ۹۹، رقم: ۱۱۱۶۹

۱۳۔ أیضًا، المعجم الأوسط، ۷: ۴۱، رقم: ۶۷۹۱

۱۴۔ أیضًا، المعجم الصغیر، ۲: ۱۱۱، رقم: ۸۶۹

۱۵۔ أبو نعیم، حلیة الأولیاء و طبقات الأصفیاء، ۲: ۵۴

۱۶۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۲: ۲۲۹

۱۷۔ محمد بن عبد الکریم شہرستانی، الملل والنحل: ۱۱۴
۱۸۔ نووی، روضة الطالبین، ۱۰: ۵۱
۱۹۔ ابن تیمیة، النبوات: ۲۲۲-۲۲۳
۲۰۔ ابن تیمیه، مجموع فتاوٰی، ۲۸:۴۷۶-۴۷۷، ۴۹۵-۴۹۶
۲۱۔ ابن حجر عسقلانی، فتح الباری، ۱۲:۲۸۳
۲۲۔ بدر الدین عینی، عمدة القاری، ۲۴: ۸۴
۲۳۔ ابن نجیم، البحر الرائق، ۲: ۲۳۴
۲۴۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج: ۳۵۰-۳۵۳، ۵۴۳-۵۵۱، ۵۵۴-۵۵۶، ۵۵۹-۵۷۸
25. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism and Suicide Bombings* pp. 254–256, 385–394, 397–413

۵۔ کیا نیت کے نیک ہونے سے بدی کا عمل نیکی میں بدل سکتا ہے؟

اس حقیقت کو بڑی وضاحت سے بیان کیا گیا ہے کہ قربِ اِلٰہی کے حصول کی نیت سے کی جانے والی بت پرستی کو قرآن حکیم نے ردّ کر دیا ہے۔ تفہیم کے لئے چند مثالیں بھی پیش ہیں۔

کتب/حوالہ جات برائے تدریس ومطالعہ

۱۔ البقرة، ۲: ۱۱-۱۲
۲۔ البقرة، ۲: ۲۰۴-۲۰۶
۳۔ الکہف، ۱۸: ۱۰۴
۴۔ الزمر، ۳۹: ۳

۵۔ بخاری، الصحیح، کتاب بدء الوحی، ۱: ۳، رقم: ۱
۶۔ مسلم، الصحیح، کتاب الإمارة، باب قوله ﷺ: إنما الأعمال بالنية، ۳: ۱۵۱۵، رقم: ۱۹۰۷
۷۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج:۳۵-۳۹
۸۔ ڈاکٹر طاہر القادری، معارج السنن، ۳:۳۲-۱۱۹
۹۔ ڈاکٹر طاہر القادری، المنہاج السوی:۳۷۳-۳۷۶، ۳۸۲-۳۸۶
10. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism and Suicide Bombings*, pp. 3–17
11. Dr Qadri, *Righteous Character & Social Interactions*, 113–117, 124–128

۶۔ بغاوت کیا ہے اور باغی کون ہوتا ہے؟

(ا) بغاوت کی لغوی تعریف

۱۔ ابنِ فارس کے مطابق:

بَغُیٌ: اَلْبَاءُ وَالْغَيْنُ وَالْيَاءُ، أَصْلَانِ: أَحَدُهُمَا طَلَبُ الشَّيءِ، وَالثَّانِي: جِنْسٌ مِنَ الْفَسَادِ ...... وَالْأَصْلُ الثَّانِي: قَوْلُهُمْ بَغَى الْجَرْحُ، إِذَا تَرَامَى إِلَى فَسَادٍ ...... ثُمَّ يُشْتَقُّ مِنْ هَذَا مَا بَعْدَهُ، فَالْبَغْيُ الْفَاجِرَةُ ...... وَمِنْهُ أَنْ يَبْغِيَ الْإِنْسَانُ عَلَى الْآخَرِ ...... وَإِذَا كَانَ ذَا بَغْيٍ فَلَا بُدَّ أَنْ يَقَعَ مِنْهُ فَسَادٌ ...... وَالْبَغْيُ: اَلظُّلْمُ. (۱)

بغی کا مادہ ب، غ اور ي ہے اور اس کی اصل دو چیزیں ہیں۔ پہلا معنی کسی چیز کا طلب کرنا ہے جبکہ دوسرے معنی کے مطابق یہ فساد کی ایک قسم ہے۔ ...... دوسرے

(۱) ۱۔ ابن فارس، معجم مقاييس اللغة (مادة 'بغی'): ۱۴۴
۲۔ ابن منظور، لسان العرب (مادة 'بغی')، ۱۴: ۷۵-۷۸

معنی کی مثال دیتے ہوئے اہلِ زبان کا کہنا ہے: **بغی الجرح**، زخم فساد کی حد تک بڑھ گیا یعنی بہت زیادہ خراب ہوگیا۔ ...... اسی سے اس نوعیت کے دیگر الفاظ مشتق ہوتے ہیں مثلاً **بَغيٌ** بُری عورت کو بھی کہتے ہیں کیونکہ وہ شرم و حیا کی حدیں پھلانگ کر بدکاری کی مرتکب ہوتی ہے۔ ...... اور اسی مادے سے **بَغيٌ** کا معنی ایک انسان کی طرف سے دوسرے پر ظلم و زیادتی ہے۔ ...... جب بغاوت کسی شخص کی عادت بن جائے تو اس سے فساد خود بخود جنم لیتا ہے؛ اور (اِسی لیے) **بَغيٌ** ظلم کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔

۲۔ علامہ ابنِ نجیم حنفی (م ۹۷۰ھ) بغاوت کی تعریف میں لکھتے ہیں:

البغاة جمع باغ، من بغى على الناس ظلم واعتدى، وبغى سعى بالفساد، ومنه الفرقة الباغية لأنها عدلت عن القصد. ...... وفئة باغية خارجةٌ عن طاعة الإمام العادل. (۱)

البغاة باغی کی جمع ہے۔ **بغی علی الناس** کا معنی ہے: اس نے لوگوں پر ظلم اور زیادتی کی ہے۔ **بغی** کا معنی یہ بھی ہے کہ اس نے فساد پھیلانے کی کوشش کی ہے۔ اور اسی سے فرقہ باغیہ ہے اس لئے کہ وہ راہِ راست سے ہٹ گیا ہے۔ ...... اور **فئة باغية** کا معنی مسلم ریاست کی اتھارٹی تسلیم نہ کرنے والا گروہ ہے۔

۳۔ علامہ حصکفی (م ۱۰۸۸ھ) **در المختار** میں بغاوت کا معنی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

البغي لغة الطلب، ومنه: ﴿ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ﴾. (۲) **وعرفا: طلب ما لا يحل من جورٍ وظلمٍ.** (۳)

(۱) ابن نجیم، البحر الرائق، ۵: ۱۵۰
(۲) الکہف، ۱۸: ۶۴
(۳) حصکفی، الدر المختار، ۴: ۲۶۱

لغت کی رُو سے بغی کا معنی ہے: 'طلب کرنا' مثلاً ﴿ذٰلِکَ مَا کُنَّا نَبۡغِ﴾ میں یہ لفظ اس معنی میں استعمال ہوا ہے اور عرف میں اس سے مراد ناجائز ظلم وستم کرنا ہے۔

یہی معنوی تفصیلات **تهذيب اللغة، الصحاح** اور **لسان العرب** میں بھی مذکور ہیں۔

ان لغوی تعریفات سے یہ ثابت کرنا مقصود تھا کہ بغاوت کے لفظ میں ہی ظلم اور زیادتی کا معنی پایا جاتا ہے۔ مزید یہ کہ اِس میں شرعی قیود اور قانونی و آئینی حدود کو توڑ کر معاشرے میں بدامنی، زیادتی اور ظلم کا مرتکب ہونے کا معنی بھی پایا جاتا ہے۔

(۲) بغاوت کی اصطلاحی تعریف

(i) فقہاے اَحناف کے ہاں بغاوت کی تعریف

فقہاے احناف میں سے ایک نمایاں نام علامہ ابن ہمام (م ۸۶۱ھ) کا ہے۔ انہوں نے **فتح القدير** میں بغاوت کی سب سے جامع تعریف کی ہے اور باغیوں کی مختلف اقسام بیان کی ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:

والباغي في عرف الفقهاء: الخارج عن طاعة إمام الحق. والخارجون عن طاعته أربعة أصناف:

أحدها: الخارجون بلا تأويل بمنعة وبلا منعة، يأخذون أموال الناس ويقتلونهم ويخيفون الطريق، وهم قطاع الطريق.

والثاني: قوم كذلك إلا أنهم لا منعة لهم لكن لهم تأويل. فحكمهم حكم قطّاع الطريق. إن قتلوا قتلوا وصلبوا. وإن أخذوا

مال المسلمين قطعت أيديهم وأرجلهم على ما عرف.

والثالث: قوم لهم منعة وحمية خرجوا عليه بتأويل يرون أنه على باطل كفر أو معصية. يوجب قتاله بتأويلهم. وهؤلاء يسمون بالخوارج يستحلون دماء المسلمين وأموالهم ويسبون نساءهم ويكفرون أصحاب رسول الله ﷺ. وحكمهم عند جمهور الفقهاء وجمهور أهل الحديث حكم البغاة. ......

والرابع: قوم مسلمون خرجوا على إمام ولم يستبيحوا ما استباحه الخوارج، من دماء المسلمين وسبي ذراريهم وهم البغاة.[1]

فقہاء کے ہاں عرفِ عام میں آئین و قانون کے مطابق قائم ہونے والی حکومت کے نظم اور اتھارٹی کے خلاف مسلح جدوجہد کرنے والے کو باغی (دہشت گرد) کہا جاتا ہے۔ حکومتِ وقت کے نظم کے خلاف بغاوت کرنے والوں کی چار قسمیں ہیں:

پہلی قسم ایسے لوگوں پر مشتمل ہے جو طاقت کے بل بوتے یا طاقت کے بغیر بلاتاویل حکومت کی اتھارٹی اور نظم سے خروج کرنے والے ہیں اور لوگوں کا مال لوٹتے ہیں، انہیں قتل کرتے ہیں اور مسافروں کو ڈراتے دھمکاتے ہیں، یہ لوگ راہزن ہیں۔

دوسری قسم ایسے لوگوں کی ہے جن کے پاس غلبہ پانے والی طاقت وقوت تو نہ ہو لیکن مسلح بغاوت کی غلط تاویل ہو، پس ان کا حکم بھی راہزنوں کی طرح ہے۔ اگر یہ قتل کریں تو بدلہ میں انہیں قتل کیا جائے اور پھانسی چڑھایا جائے اور اگر مسلمانوں

(۱) ابن همام، فتح القدير، ۵: ۳۳۴

کا مال لوٹیں تو ان پر شرعی حد جاری کی جائے۔

تیسری قسم کے باغی وہ لوگ ہیں جن کے پاس طاقت وقوت اور جمعیت بھی ہو اور وہ کسی من مانی تاویل کی بناء پر حکومت کی اتھارٹی اور نظم کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیں اور ان کا یہ خیال ہو کہ حکومت باطل ہے اور کفر و معصیت کی مرتکب ہو رہی ہے۔ ان کی اس تاویل کے باوجود حکومت کا ان کے ساتھ جنگ کرنا واجب ہوتا ہے۔ ایسے لوگوں پر خوارج کا اطلاق ہوتا ہے جو مسلمانوں کے قتل کو جائز اور ان کے اموال کو حلال قرار دیتے تھے اور مسلمانوں کی عورتوں کو قیدی بناتے اور اصحاب رسول ﷺ کی تکفیر کرتے تھے۔ جمہور فقہاء اور ائمہ حدیث کے ہاں ان کا حکم بھی خوارج اور باغیوں کی طرح ہی ہے۔ ......

چوتھی قسم ان لوگوں کی ہے جنہوں نے حکومتِ وقت کے خلاف مسلح بغاوت تو کی لیکن ان چیزوں کو مباح نہ جانا جنہیں خوارج نے مباح قرار دیا تھا جیسے مسلمان کو قتل کرنا اور ان کی اولادوں کو قیدی بنانا وغیرہ۔ یہی لوگ باغی ہیں۔

کتب/حوالہ جات برائے تدریس و مطالعہ

۱۔ ابن همام، فتح القدير، ۵: ۳۳۴

۲۔ ابن نجيم، البحر الرائق فی شرح الكنز الدقائق، ۵: ۱۵۱

۳۔ ابن عابدين، رد المحتار، ۴: ۲۶۲

۴۔ دسوقي، الحاشية، ۴: ۲۶۱

۵۔ عينی، بناية شرح الهداية، ۵: ۸۸۸

۶۔ حصكفي، الدر المختار، ۴: ۲۶۲، ۲۶۳

۷۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج: ۲۴۸-۲۵۲

8. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism and Suicide Bombings*, pp. 175–178

(ii) فقہاے مالکیہ کے ہاں بغاوت کی تعریف

مالکی فقہاء میں سے امام محمد بن احمد بن جزی الکلبی الغرناطی (م ۷۴۱ھ) نے ’القوانین الفقهية‘ میں لکھا ہے:

البغاة: هم الذي يقاتلون على التأويل، والذين يخرجون على الإمام، أو يمتنعون من الدخول في طاعته، أو يمنعون حقاً وجب عليهم كالزكاة وشبهها. (۱)

باغی وہ لوگ ہیں جو مسلم ریاست کے خلاف خود ساختہ تاویلات کی بناء پر مسلح بغاوت کرتے ہیں یا اس کی اتھارٹی کو ماننے سے انکار کر دیتے ہیں اور وہ حق ادا نہیں کرتے جس کی ادائیگی (بطور پُراَمن شہری) ان کے ذمہ لازم تھی جیسا کہ زکوٰۃ کی ادائیگی یا اس طرح کے دیگر واجبات۔

کتب/حوالہ جات برائے تدریس ومطالعہ

۱۔ ابن جزی الکلبی، القوانین الفقهية: ۳۶۴
۲۔ دسوقی المالکی، حاشية على الشرح الكبير، باب ذكر فيه البغی وما يتعلق به
۳۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج: ۲۵۳
4. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism and Suicide Bombings*, pp. 178–179

(iii) فقہاے شافعیہ کے ہاں بغاوت کی تعریف

فقہاے شافعیہ میں سے امام نووی (م ۶۷۶ھ) نے اپنی کتاب ’روضة الطالبين‘ میں ایک مستقل باب ’قتال البغاة‘ کے عنوان سے قائم کیا ہے جس میں دیگر

(۱) ابن جزی الکلبی، القوانین الفقهية: ۳۶۴

تفصیلات کا تذکرہ کرنے سے قبل باغی کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے:

الباغی فی إصطلاح العلماء هو المخالف لإمام العدل، الخارج عن طاعته بامتناعه من أداء واجب عليه أو غيره بشرط. (۱)

علماء کی اصطلاح میں باغی مسلم حکومت کے اس مخالف کو کہتے ہیں جو اس کی اتھارٹی تسلیم نہ کرے اس طرح کہ جو اس پر یا دوسروں پر واجب ہے وہ مشروط طور پر روک لے۔

کتب/حوالہ جات برائے تدریس ومطالعہ

۱۔ نووی، روضة الطالبين، ۱۰: ۵۰

۲۔ زکريا الأنصاری، منهج الطلاب، ۱: ۱۲۳

۳۔ شربينی، الإقناع، ۲: ۵۴۷

۴۔ شربينی، مغنی المحتاج، ۴: ۱۲۳

۵۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج: ۲۵۴-۲۵۶

6. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism and Suicide Bombings*, pp. 179–180

(iv) فقہائے حنابلہ کے ہاں بغاوت کی تعریف

۱۔ فقہائے حنابلہ میں ابن ہبیرہ الحنبلی (م۵۸۷ھ) نے باغیوں کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے:

واتفقوا علی أنه إذا خرج علی إمام المسلمين طائفة ذات شوكة بتأويل مشتبه، فإنه يباح قتالهم حتی يفيئوا. (۲)

(۱) نووی، روضة الطالبين، ۱۰: ۵۰

(۲) ابن هبيرة، الإفصاح: ۴۰۲

تمام ائمہ کرام اس بات پر متفق ہیں کہ جب طاقت اور مضبوط ٹھکانوں والا کوئی گروہ کسی مشتبہ تاویل کی بناء پر مسلم حکومت کے نظم (writ) سے نکل جائے تو اس کے ساتھ جنگ کرنا مباح ہے یہاں تک کہ وہ واپس (حکومت کے نظم کی اطاعت) لوٹ آئے۔

۲۔ امام ابن قدامہؒ (م ۶۲۰ھ) نے بغاوت کی تعریف میں لکھا ہے:

قوم من أهل الحق خرجوا على الإمام بتأويل سائغ، وراموا خلعه، ولهم منعة وشوكة.(۱)

مسلمانوں کا ایک گروہ جس نے حکومتِ وقت کے خلاف بہ ظاہر پُرکشش تاویل کی بناء پر بغاوت کی اور حکومت کو ختم کرنے کا ارادہ کیا، اور ان کے پاس محفوظ ٹھکانے اور اسلحہ و طاقت تھی (اسے باغی کہا جاتا ہے)۔

کتب/حوالہ جات برائے تدریس و مطالعہ

۱۔ ابن هبيرة، الإفصاح: ۴۰۲

۲۔ إبن قدامة، الكافی، ۴: ۱۴۷

۳۔ شربينی، مغنی المحتاج، ۴: ۱۲۳، ۱۲۴

۴۔ قرافی، الذخيرة، ۵: ۵۱۲

۵۔ ابن مفلح، الفروع، ۶: ۱۴۷

۶۔ ابن مفلح، المبدع، ۹: ۱۵۹، ۱۶۰

۷۔ مرعي بن يوسف، غاية المنتهي، ۳: ۳۴۸

۸۔ بہوتی، كشاف القناع عن متن الإقناع، ۶: ۱۵۸

(۱) إبن قدامة، الكافی، ۴: ۱۴۷

۹۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج:۲۵۶–۲۵۸

10. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism and Suicide Bombing*, pp. 181–183

(v) فقہاے جعفریہ کے ہاں بغاوت کی تعریف

فقہ جعفریہ کے فقیہ ابو جعفر محمد بن حسین طوسی (م ۴۶۰ھ) نے اپنی تصنیف '**الإقتصاد الهادی إلی طریق الرشاد**' میں الگ فصل قائم کر کے باغیوں کے احکام بیان کیے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:

الباغي: هو كل من خرج على امام عادل وشق عصاه، فان على الامام أن يقاتلهم. ويجب على كل من يستنهضه الامام أن ينهض معه و يعاونه على قتالهم، ولا يجوز لغير الامام قتالهم بغير اذنه. فاذا قوتلوا لا يرجع عنهم الا أن يفيئوا الى الحق أو يقتلوا، ولا يقبل منهم عوض ولا جزية.

والبغاة على ضربين: **أحدهما: من له رئيس يرجعون اليه. فهؤلاء يجوز أن يجتاز على جراحاتهم ويتبع مدبرهم ويقتل أسيرهم. والآخر: لا يكون لهم فيه رئيس، فهولاء لا يجاز على جريحهم ولا يقتل أسيرهم.**[1]

باغی سے مراد ہر وہ شخص ہے جو مسلم ریاست کے خلاف مسلح بغاوت کرے اور اسے غیر مستحکم کرنے کی کوشش کرے۔ پس حکومت وقت پر لازم ہے کہ ان کے خلاف جنگ کرے۔ اور ہر اس شخص پر لازم ہے جسے حکومت ان کے خلاف اٹھنے کا حکم دے کہ وہ حکومت کے ساتھ مل کر ان کا مقابلہ کرے۔ اور حکومت وقت

(۱) طوسی، الإقتصاد، فصل فی حکام البغی: ۳۱۵

کے علاوہ اس کی اِجازت کے بغیر کسی کے لئے ان دہشت گرد باغیوں کے ساتھ جنگ کرنا جائز نہیں۔ جب ان کے ساتھ جنگ شروع کردی جائے تو اُس وقت تک حکومت اس سے پیچھے نہ ہٹے جب تک وہ حق کی طرف لوٹ نہ آئیں یا قتل نہ کردیئے جائیں۔ اور ان سے کسی قسم کا معاوضہ اور ٹیکس بھی قبول نہ کیا جائے۔

باغیوں کی دو قسمیں ہیں: **ایک قسم** یہ ہے کہ ان کا کوئی سربراہ و سرغنہ ہو جس سے وہ ہدایات لیتے ہوں۔ ان سب کا حکم یہ ہے کہ ان کے زخمیوں کو ان کی حالت پر رہنے دیا جائے گا، ان کے بھاگنے والوں کا تعاقب کیا جائے گا اور ان کے قیدیوں کو قتل کیا جائے گا۔ **دوسری قسم** وہ ہے کہ جس میں ان کا کوئی سربراہ اور سرغنہ نہ ہو۔ پس اس صورت میں ان کے زخمیوں کی مرہم پٹی کی جائے گی اور ان کے قیدیوں کو قتل نہیں کیا جائے گا۔

کتب/حوالہ جات برائے تدریس و مطالعہ

۱۔ طوسی، الإقتصاد، فصل فی حکام البغی: ۳۱۵

۲۔ طبرسی، المؤتلف من المختلف، کتاب قتال أهل البغی، ۲: ۳۷۷

۳۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج: ۲۵۹–۲۶۱

4. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism and Suicide Bombings*, pp. 183–184

(vi) معاصر علماء کے ہاں بغاوت اور دہشت گردی کی تعریف

رابطہ عالم اسلامی کا سولہواں سیشن مکہ مکرمہ میں خادم الحرمین الشریفین ملک فہد بن عبدالعزیز آلِ سعود کی نگرانی میں (۲۱ تا ۲۶ شوال ۱۴۲۲ھ بمطابق ۵ تا ۱۰ جنوری ۲۰۰۲ء) اسلامی فقہی اکیڈمی میں منعقد ہوا۔ اس سیشن کے بعد دہشت گردی کے حوالے سے بیانِ مکہ (Makka Decralation) کے نام سے جو اعلامیہ صادر ہوا اس میں دہشت گردی کی تعریف اس طرح کی گئی ہے:

الإرهاب: هو العدوان الذى يمارسه أفراد أو جماعات أو دول بغيًا على الإنسان: دينه، ودمه، وعقله، ماله، وعرضه. ويشمل صنوف التخويف والأذى والتهديد والقتل بغير حق وما يتصل بصور الحرابة وإخافة السبيل وقطع الطريق، وكل فعل من أفعال العنف أو التهديد، يقع تنفيذًا لمشروع إجرامى فردى أو جماعى، ويهدف إلى إلقاء الرعب بين الناس، أو ترويعهم بإيذائهم، أو تعريض حياتهم أو حريتهم أو أمنهم أو أحوالهم للخطر، ومن صنوفه إلحاق الضرر بالبيئة أو بأحد المرافق والأملاك العامة أو الخاصة، أو تعريض أحد الموارد الوطنية، أو الطبيعية للخطر، فكل هذا من صور الفساد فى الأرض التى نهى الله سبحانه وتعالى المسلمين عنها: ﴿وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ○﴾. [القصص، ٢٨:٧٧]

وقد شرع الله الجزاء الرادع للإرهاب والعدوان والفساد، وعده محاربة الله ورسوله ﷺ: ﴿اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْيُصَلَّبُوْٓا اَوْتُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْامِنَ الْاَرْضِ ط ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ○﴾. [المائدة، ٥:٣٣]

ولا توجد فى أى قانون بشرى عقوبة بهذه الشدة نظرًا لخطورة هذا الاعتداء ، الذى يعد فى الشريعة الإسلامية حربًا ضد حدود الله، وضد خلقه. ويؤكد المجمع أن من أنواع الإرهاب:إرهاب

الدولة، ومن أوضح صوره وأشدها شناعة الإرهاب الذى يمارسه اليهود فى فلسطين، وما مارسه الصرب فى كل من البوسنة والهرسک وكوسوفا، ورأى المجمع أن هذا النوع من الإرهاب من أشد أنواعه خطرًا على الأمن والسلام فى العالم، وعد مواجهته من قبيل الدفاع عن النفس، والجهاد فى سبيل الله.(۱)

دہشت گردی سے مراد وہ سرکشی ہے جس کا ارتکاب مخصوص افراد، جماعتیں یا ملک دوسرے انسانوں کے دین، خون، عقل، مال اور عزت کی پامالی کے ذریعے کرتے ہیں۔ اس ظلم اور حقوق کی پامالی میں ایذاء رسانی، خوف و ہراس پیدا کرنا اور ناحق قتل کرنا شامل ہے۔ اسی طرح گروہوں کی شکل میں لوٹ مار، خون خرابہ اور شاہراہوں پر قبضہ کر کے لوگوں کو ہراساں کرنا بھی اسی نوعیت کے جرائم ہیں۔ دشمنی یا زیادتی خواہ کسی فرد کی طرف سے ہو یا جماعت کی طرف سے اس کا مقصد لوگوں کے دلوں میں رعب ڈالنا ہو یا انہیں ایذاء رسانی کے ذریعے ڈرانا دھمکانا یا ان کی زندگی، آزادی، امن یا اَحوال کو خطرات میں جھونکنا ہو۔ دہشت گردی کی جملہ اقسام میں سے ایک یہ بھی ہے کہ معاشرہ یا فرد کو نقصان پہنچایا جائے، املاک اور ضرورت کی اشیاء تلف کی جائیں یا ملکی وسائل میں سے کسی چیز کو خطرات میں جھونکا جائے۔ یہ ساری فساد فی الارض کی صورتیں ہیں جس سے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو اپنے اس ارشادِ گرامی ﴿اور ملک میں فساد انگیزی (کی راہیں) تلاش نہ کرو، بے شک اللہ فساد بپا کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا﴾ کے ذریعے منع فرمایا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے دہشت گردی، عداوت اور فساد کے لئے سخت سزا مقرر فرمائی ہے اور

---

(۱) بيان مكة: ۴ (۲۰۰۲ء)

اِسے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مکرم ﷺ کے ساتھ دشمنی گردانا ہے۔ اِرشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرتے ہیں اور زمین میں فساد انگیزی کرتے پھرتے ہیں (یعنی مسلمانوں میں خونریز راہزنی اور ڈاکہ زنی وغیرہ کے مرتکب ہوتے ہیں) ان کی سزا یہی ہے کہ وہ قتل کیے جائیں یا پھانسی دیے جائیں یا ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں مخالف سمتوں سے کاٹے جائیں یا (وطن کی) زمین (میں چلنے پھرنے) سے دور (یعنی ملک بدر یا قید) کر دیے جائیں۔ یہ (تو) ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لیے آخرت میں (بھی) بڑا عذاب ہے۔﴾

اس سرکشی پر- جس کو بہت بڑا خطرہ ہونے کے پیشِ نظر شریعتِ اسلامیہ میں اللہ تعالیٰ کی حدود اور اس کی مخلوق کے خلاف جنگ شمار کیا جاتا ہے- جو سخت سزا رکھی گئی ہے، اس طرح کی سخت سزا کسی انسانی قانون میں نہیں پائی جاتی۔ ہمارے ادارے نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بلاشبہ دہشت گردی کی اقسام میں سے بڑی قسم ملکی دہشت گردی ہے لیکن سب سے واضح اور بدترین دہشت گردی وہ ہے جو یہودی فلسطین میں مسلسل جاری رکھے ہوئے ہیں اور وہ جو سرب باشندے بوسنیا اور کوسووا میں کر رہے ہیں۔ اس سربراہی کانفرنس کی رائے میں اس قسم کی دہشت گردی دنیا کے امن اور سلامتی کے لئے سب سے بڑا خطرہ ہے، اور اس کا سامنا کرنے کو ہمارے ادارے نے جان کے دفاع اور جہاد فی سبیل اللہ کے قبیل سے شمار کیا ہے۔

(۳) حرابہ اور محاربین کی اصطلاحی تعریف

امام ابن ہمامؒ (م ۸۶۱ھ) فرماتے ہیں:

بأنهم: الخارجون بلا تأويل بمنعة وبلا منعة، يأخذون أموال النَّاس، ويقتلونهم ويخيفون الطريق.[1]

محاربین سے مراد وہ لوگ ہیں جو کسی تاویل کے بغیر طاقت کی بنیاد پر یا اس کے بغیر بغاوت کرنے والے ہیں، جو لوگوں کے مال چھین لیتے ہیں، انہیں قتل کرتے ہیں اور راستوں میں خوف و ہراس پیدا کرتے ہیں۔

کتب/حوالہ جات برائے تدریس و مطالعہ

۱۔ ماوردی، الإقناع: ۱۷۳

۲۔ ابو القاسم عمر بن حسین، مختصر الخرقی: ۱۲۶

۳۔ ابن عبد البر، الکافی في فقه أهل المدينة، ۲: ۱۰۸۷

۴۔ دردیر، الشرح الصغیر، ۴: ۴۹۲، ۴۹۳

۵۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج: ۲۶۴-۲۶۵

6. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism and Suicide Bombings*, p. 187

(۴) باغیوں کی علامات

۱۔ ان کا نظریہ یہ ہے کہ ہر گناہ کفر ہے خواہ وہ گناہ کبیرہ ہو یا صغیرہ (اس لئے وہ فاسق حکمرانوں کو کافر سمجھتے ہیں)۔

۲۔ یہ انتہاء پسند لوگ مسلمان حکومت کے خلاف بغاوت کرتے ہیں اور مسلمانوں کے ساتھ جنگ کرنے اور ان کو قتل کرنے کو جائز سمجھتے ہیں۔ اور ان کے اموال کو اپنی خودساختہ، جھوٹی تاویل کی وجہ سے حلال قرار دیتے ہیں۔

۳۔ ان کے پاس طاقت اور مسلح قوت ہوتی ہے (جسے وہ اپنے مذموم مقاصد کے لئے

---

(۱) إبن ہمام، فتح القدير، ۶: ۹۹

کہیں سے بھی اور کسی سے بھی حاصل کرنے میں حرج نہیں سمجھتے)۔

کتب/حوالہ جات برائے تدریس ومطالعہ

۱۔ کاسانی، بدائع الصنائع، ۷: ۱۴۰
۲۔ بجیرمی، حاشیة، ۴: ۲۰۱
۳۔ ابن قدامة، المغنی، ۹: ۳، ۵
۴۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج:۲۶۵–۲۶۹
5. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism and Suicide Bombings*, pp. 187–190

(۵) شریعت میں مسلح بغاوت کی سزا کیا ہے؟

(i) مسلح بغاوت سنگین جرم کیوں؟

کتب/حوالہ جات برائے تدریس ومطالعہ

۱۔ البقرة، ۲: ۱۹۱
۲۔ المائدة، ۵: ۳۳
۳۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۲: ۵۱
۴۔ طبری، جامع البیان في تفسیر القرآن، ۶: ۲۱۴
۵۔ قرطبی، الجامع لأحکام القرآن، ۶: ۱۴۸
۶۔ زمحشری، الکشاف عن حقائق غوامض التنزیل، ۱: ۶۶۱
۷۔ أبو حفص الحنبلی، اللباب فی علوم الکتاب، ۷: ۳۰۳
۸۔ سیوطی، الدر المنثور، ۳: ۶۸
۹۔ قاضی ثناء اللہ، تفسیر المظہری، ۳: ۸۶
۱۰۔ ابن ھمام، فتح القدیر، ۵: ۱۷۷

۱۱۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج:۲۷۳-۲۷۸

12. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism and Suicide Bombing*, pp. 193–197

(ii) مسلم اجتماعیت کے خلاف مسلح گروہ بندی پر حضور رسالت مآب ﷺ کی مذمت

کتب/حوالہ جات برائے تدریس ومطالعہ

۱۔ مسلم، الصحیح، کتاب الإمارة، باب وجوب ملازمة جماعة المسلمین عند ظهور الفتن، ۳: ۱۴۷۶-۱۴۷۸، رقم: ۱۸۴۸، ۱۸۵۱

۲۔ أحمد بن حنبل، المسند، ۲: ۲۹۶، ۴۸۸

۳۔ نسائي، السنن، کتاب تحریم الدم، باب التغلیظ فیمن قاتل تحت رایة عمیه، ۷: ۱۲۳، رقم: ۴۱۱۴

۴۔ بیہقي، السنن الکبری، ۸:۱۵۶

۵۔ بیهقی، شعب الإیمان، ۵: ۲۹۱، رقم: ۶۶۹۳

۶۔ کاسانی، بدائع الصنائع، ۷: ۱۴۰

۷۔ ذہبی، الکبائر، ۱: ۲۰۳

۸۔ سیوطی، الدر المنثور، ۴: ۳۵۳

۹۔ ڈاکٹر طاہر القادری، فتویٰ: دہشت گردی اور فتنہ خوارج:۲۷۸-۲۸۳

10. Dr Qadri, *Fatwa on Terrorism and Suicide Bombing*, pp. 197–200

(iii) بغاوت پر اکسانے والوں کے لئے عذاب جہنم کی وعید

۱۔ اُمتِ مسلمہ میں فتنہ شر کے آخری زمانوں میں ایسے داعی بھی ہوں گے جن کی دعوت حقیقت میں جنت کی بجائے جہنم کی طرف لے جانے کا باعث ہو گی۔

۲۔ ایسے لوگوں کی زبان، رنگ، وضع قطع اور چال ڈھال میں بظاہر سیرت النبی ﷺ کی اتباع دکھائی دے گی۔

۳۔ ان کی نشانی اور علامت یہ ہوگی کہ وہ مسلم اجتماعیت اور اکثریت کے خلاف ہوں گے۔

۴۔ وہ مسلم حکومتوں کے خلاف مسلح خروج کریں گے یا ایسے خروج کی دعوت دیں گے۔

۵۔ ان لوگوں کے شر سے کنارہ کشی اور ہیئت اجتماعی سے وابستگی حفاظت ایمانی کی ضمانت ہوگی۔

۶۔ مسلمان حکومت اور ہیئتِ اجتماعی کے خلاف مسلح بغاوت یعنی مسلح دہشت گردی کا راستہ سب کچھ ہوسکتا ہے مگر دینِ اسلام نہیں ہوسکتا۔

۷۔ جو لوگ ان کی دعوت کی پیروی کریں گے جہنم میں جائیں گے۔

کتب/حوالہ جات برائے تدریس و مطالعہ

۱۔ بخاري، الصحیح، کتاب المناقب، باب علامات النبوة في الإسلام، ۳: ۱۳۱۹، رقم: ۳۴۱۱

۲۔ مسلم، الصحیح، کتاب الإمارة، باب وجوب ملازمة جماعة المسلمین عند ظهور الفتن، ۳: ۱۴۷۵، رقم: ۱۸۴۷

۳۔ ابن ابی شیبة، المصنف، ۷: ۵۰۸، رقم: ۳۷۶۱۳

۴۔ بیهقی، شعب الإیمان، ۶: ۶۲-۶۳

۵۔ قاضی عیاض، إکمال المعلم بفوائد مسلم، ۶: ۲۵۶-۲۵۷

